BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

سٹی کینیڈا میں موسیقی کے سب سے بڑے تہواروں میں سے ایک پر، فن کے مظاہروں کے لیے ابھرتے ہوئے ستاروں کی تلاش میں ہے

دِس از برامپٹن @ NXNE کا حصہ بنیں!

برامپٹن، آن (6 مارچ 2020) – برامپٹن کے تمام نئے آنے والے موسیقاروں کو دعوت دی جا رہی ہے!

سٹی 2020 کے نارتھ بائے نارتھ ایسٹ (NXNE) تہوار میں *دِس از برامپٹن* پر اپنے فن کا مظارہ کرنے کے لیے مقامی فنکاروں کو دعوت دیتا ہے۔ NXNE کلب لینڈ سیریز کا ایک حصہ، *دِس از برامپٹن @ NXNE* برامپٹن کے ابھرتے ہوئے موسیقی کے منظر نامے میں سے خصوصی طور پر منتخب شدہ فنکاروں کا مظاہرہ ہو گا، جو بروز جمعہ، مورخہ 19 جون 2020 کو دی ڈریک ہوٹل (1150 کوئین اسٹریٹ ویسٹ، ٹورانٹو) میں منعقد ہو گا۔

کامیاب درخواست دہندگان کو فن کے مظاہرے کی فیس ادا کی جائے گی، ان کے پاس مشہور ڈریک ہوٹل میں جلوہ گر ہونے کا موقع موجود ہو گا، وہ NXNE کے مارکیٹنگ کے مواد میں شامل ہوں گے اور انہیں NXNE کیوریٹر سیریز + انٹریکٹو سیشنز میں داخلے کے پاس بھی دیے جائیں گے۔

تمام اصناف کے مقامی موسیقار اور بینڈز اس لاجواب موقع کے متعلق مزید تفصیلات کے لیے www.brampton.ca/NXNE ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ فنکاروں کو اپنی موسیقی کی ریکارڈنگ اور براہ راست مظاہروں کے لنکس فراہم کرنے ہوں گے۔ برامپٹن کے فنکاروں اور اس شعبہ کے ماہرین کا ایک پینل درخواستوں پر نظرثانی کرے گا اور زیادہ سے زیادہ پانچ کامیاب امیدواروں کو منتخب کرے گا۔ درخواستوں کی آخری تاریخ 31 مارچ ہے۔ منتخب شدہ فنکاروں کی فہرست کا اعلان 20 اپریل کو کیا جائے گا۔

یہ سٹی کی جانب سے NXNE کلب لینڈ سیریز میں شرکت کا تیسرا سال ہے، جس کی نگرانی کینیڈا کے اعلیٰ ترین موسیقار، شعبہ کے رہنماء اور تنظیمیں کر رہی ہیں۔ 2019 میں، برامپٹن @ NXNE نے برامپٹن کے فنکاروں زینی سول، کئیے میوزک، ریکو ریئیف اور نوئز فیچرنگ ٹریمئین اور سکاٹی IV کو پیش کیا۔ 2020 کے دوران ٹورانٹو کے کچھ بہترین مقامات پر 40 سے زائد شو اس تہوار کا حصہ ہوں گے۔

دِس از برامپٹن @ NXNE کے متعلق مزید معلومات کے لیے www.brampton.ca/NXNE ملاحظہ فرمائیں۔

اقتباسات

"برامپٹن فنون و ثقافت کےفروغ کے لیے ہمیشہ سے کوشاں رہا ہے اور سٹی اپنے قابل لوگوں میں اپنے تنوع کو برقرار رکھنے میں فخر محسوس کرتا ہے۔ ہم مواقع کا ایک شہر ہیں اور دِس از برامپٹن @ NXNE یقیناً مقامی موسیقاروں کے لیے اس حوالے سے ایک زبردست موقع ہے کہ وہ کینیڈا کے موسیقی کے بہترین تہواروں میں سے ایک میں جلوہ گر ہوں۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن ثقافتی اثاثوں سے مالامال ہے اور تیسری مرتبہ مسلسل NXNE میں اپنے ابھرتے ہوئے مقامی تخلیق کاروں کو پیش کرنا ہمارے لیے انتہائی پرمسرت ہے۔ دِس از برامپٹن نے ہمارے ابھرتے ہوئے فنکاروں کی کامیابیوں کو بڑھانے میں مدد دی ہے، جو اس بات کو واضح کرتا ہے کہ برامپٹن ایسے قابل لوگوں کا گھر ہے، جو رات کی زندگی کے لیے تفریح فراہم کرتے ہیں اور جن کے کنسرٹس میں تِل دھرنے کی جگہ نہیں رہتی۔"

- *پال ویسینٹے، ریجنل کونسلر وارڈز 1 اور 5 اور وائس چیئر آف اکنامک ڈیولپمنٹ اینڈ کلچر*

30--

کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔ ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

میڈیا کنٹیکٹ

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca